بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

پریس ریلیز نمبر:- 07-(ریوائزڈ)

مورخہ: 14-11-2026

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک پہلا سالانہ 2027ء مورخہ 16-03-2027 بروز منگل سے شروع ہوگا۔
داخلہ فیس/داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

جماعت (پارٹ)	گروپ	سنگل فیس کے ساتھ مورخہ 10-11-2026 تا 11-12-2026		دوگنا فیس کے ساتھ مورخہ 12-12-2026 تا 28-12-2026		تین گنا فیس کے ساتھ مورخہ 29-12-2026 تا 11-01-2027	
		پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر	پرائیویٹ	ریگولر
پارٹ اول (نہم)	سائنس	2150/-روپے	1700/-روپے	2880/-روپے	2350/-روپے	3580/-روپے	3000/-روپے
	آرٹس	2130/-روپے	1650/-روپے	2780/-روپے	2250/-روپے	3430/-روپے	2850/-روپے
پارٹ دوئم (دہم)	سائنس	3680/-روپے	3650/-روپے	4380/-روپے	4280/-روپے	5080/-روپے	4930/-روپے
	آرٹس	3630/-روپے	3580/-روپے	4280/-روپے	4180/-روپے	4930/-روپے	4780/-روپے
کمپوزٹ (9th + 10th)	سائنس	4280/-روپے	4280/-روپے	5580/-روپے	5580/-روپے	6880/-روپے	6880/-روپے
	آرٹس	4180/-روپے	4180/-روپے	5380/-روپے	5380/-روپے	6580/-روپے	6580/-روپے

بورڈ سے الحاق شدہ وہ ادارہ جات جن کی سنگل فیس گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے معاف کی گئی ہے۔ ان کے ریگولر امیدواران سے سنگل فیس کے شیڈول کے دوران درج ذیل فیس وصول کی جائے گی۔ جبکہ دوگنا اور تین گنا شیڈول کے دوران درج بالا فیس وصول کی جائے گی۔

نمبر شمار	کیٹیگری	سائنس	آرٹس
1	نہم فریش	1000/-روپے	1000/-روپے
2	نہم ری ایڈمشن	1700/-روپے	1650/-روپے
3	صرف دہم	2930/-روپے	2930/-روپے
4	کمپوزٹ (نہم+دہم)	3630/-روپے	3580/-روپے

شرائط:-

1۔ تمام داخلہ فیسوں کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن پرنٹ شدہ بنک چالان پر ہی داخلہ فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم شیڈول کے مطابق بورڈ دفتر میں دستی/ بذریعہ ڈاک جمع کروائیں۔ (بذریعہ ڈاک آخری تاریخ کو رجسٹری شدہ داخلہ فارم کو صرف سنگل فیس میں تین دن کی رعایت دی جائے گی تاخیر کی صورت میں آئندہ شیڈول کی فیس لاگو ہوگی)

2۔ **صرف دہم کلاس (10th) کے داخلہ فارم** بمعہ جمع شدہ فیس کی ہارڈ کاپی ہر صورت بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کو بذریعہ ڈاک یا دستی بھیجنا لازمی ہو گی۔ جس تاریخ کو ہارڈ کاپی دفتر کو وصول ہو گی اسی تاریخ کا فیس شیڈول لاگو کیا جائے گا۔ اور امتحان سیکنڈری سکول (نہم) فرسٹ سالانہ 2027ء کے لئے ریگولر امیدواران کا ڈیٹا ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔ جس سے ادارہ جات اپنے نہم کے امیدواران کی کٹ لسٹ Download کر کے اور تصدیق شدہ دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔

3۔ امتحان سیکنڈری سکول (نہم) فرسٹ سالانہ 2027ء کے لئے پرائیویٹ امیدواران اپنا داخلہ فارم بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www bisefsd edu pk

سے چالان حاصل کرتے ہوئے فیس کی ادائیگی کے بعد اپنا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ تاہم بعد از تصدیق داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا لازم ہوگا اور امیدوار (نہم) کا داخلہ فارم اپنے پاس ریکارڈ کے طور پر محفوظ رکھے گا۔ بصورت دیگر داخلہ فارم اپ لوڈ کرنے کے لئے رائج الوقت شیڈول کے مطابق فیس لاگو ہوگی۔

4۔ **بورڈ اکاؤنٹ میں جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔**

5۔ **ادارہ جات صرف دہم کلاس (10th) کے داخلہ فارم کے ریونیولسٹ کی تمام کاپیاں بمعہ اصل چالان فارم فنانس برانچ کی فائل میں لگا کر بھجوائیں۔** نیز داخلہ فیس کمپیوٹر سے آن لائن سسٹم کے تحت نکالے گئے بنک چالان پر ہی جمع کروائیں اور ریونیولسٹ پر درج بنک چالان نمبرز کے مطابق چالان چسپاں کریں۔

6۔ **پرائیویٹ امیدوار پہلی مرتبہ شاملِ امتحان ہونے کے لیے داخلہ فیس کے ساتھ مبلغ -/1200 روپے رجسٹریشن فیس بھی جمع کروائیں گے۔**

7۔ پرائیویٹ امیدوار کے لئے لازم ہوگا کہ وہ داخلہ فارم پر اپنا رہائشی پتہ کا اندراج کرے۔ رہائشی پتہ کسی سکول/کالج/اکیڈمی یا بک ڈپو وغیرہ کا ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

8۔ پرائیویٹ امیدواران آرٹس گروپ میں پریکٹیکل والا مضمون اختیار کرنے کی صورت میں سائنس گروپ کی فیس جمع کروائیں گے۔

9۔ میٹرک سالانہ/ضمنی 2013ء تا 2026ء میں پارٹ سیکنڈ یا کمپوزٹ میں فیل ہونے والے امیدواران دوبارہ امتحان دیتے وقت سند کی فیس مبلغ -/1500 روپے کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہوں گے۔

10۔ **مارکس امپروو کرنے والے امیدواران بقیہ فیس کے ساتھ سند کی فیس مبلغ -/1500 روپے بھی جمع کروائیں گے۔**

11۔ **ادارہ جات کی طرف سے Batch بنانے کے بعد کسی بھی صورت دوبارہ Batch اوپن نہ ہوں گے۔ لہذا مکمل پڑتال کے بعد ہی Batch بنائے جائیں۔**

12۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم سنگل فیس کے ساتھ مقرر کردہ تاریخ تک اپنے ادارہ کے ریگولر طلباء و طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس جمع کروا سکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس اور سند/سرٹیفکیٹ فیس ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

13۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کی مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

14۔ **داخلہ فیس یو۔بی۔ایل (UBL) میں QR RAAST ,1-BILL کوڈ یو۔بی۔ایل کی برانچز میں Over the Counter جبکہ Konnect App & HBL(Mobile App,Agents) میں جمع کروائی جاسکتی ہے جو کہ فیصل آباد ڈویژن کی حدود میں واقع ہیں۔** نیز منی آرڈر/بنک ڈرافٹ ناقابل قبول ہے۔

15۔ **MCB بنک کو بورڈ کی فیسیں جمع کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ لہذا ایم۔سی۔بی کی برانچز میں جمع کروائی گئی فیسیں ناقابل قبول ہوں گی۔**

دستخط/-
سیکرٹری

نمبر 49-58 ایس ایم

مورخہ 14-11-2026

کاپی برائے اطلاع:

01۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن)، فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ چنیوٹ
02۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (سیکنڈری ایجوکیشن)، فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ چنیوٹ
03۔ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائر سیکنڈری سکولوں/ہائی سکولوں کے سربراہان۔
04۔ سیکرٹری صاحبان، انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بورڈز پنجاب و میر پور آزاد جموں کشمیر بورڈ۔
05۔ ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، فیصل آباد۔
06۔ پریس کلب فیصل آباد/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ/چنیوٹ۔
07۔ منیجر یو بی ایل، کچہری روڈ، فیصل آباد اور دوسری برانچوں کیلئے 30 کاپیاں۔
08۔ منیجر حبیب بنک لمیٹڈ PTC برانچ فیصل آباد اور دوسری برانچوں کے لئے 30 کاپیاں
09۔ انچارج خبرنامہ پی ٹی وی/ریڈیو پاکستان، فیصل آباد۔
10۔ کمپیوٹر برانچ برائے ویب سائٹ۔

ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن/اجلاسات)
برائے سیکرٹری